20 May 2026
ASL/PSX/0336/2026

The General Manager
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Karachi

**Subject: Prior Intimation of Publication of Notice of Extraordinary General Meeting**

Dear Sir,

Enclosed please find a copy of the Notice of Extraordinary General Meeting of the Company to be held on Wednesday, 17 June 2026 for circulation amongst the TRE Certificate Holders of the Pakistan Stock Exchange Limited. The Notice will be published in English and Urdu newspapers tomorrow i.e. Thursday, 21 May 2026.

Thanking you.

Yours Sincerely,

AMRELI STEELS LTD. A/18-A SITE Karachi

Adnan Abdul Ghaffar
Company Secretary

Encl: As above.

cc:
The Director/HOD
Surveillance, Supervision & Enforcement Department
Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad.



**AMRELI STEELS LIMITED**
**Registered Office**
A/18, S.I.T.E., Karachi-75730.
111-AMRELI (267-354)
+92-21-38798328
info@amrelisteels.com
www.amrelisteels.com
AMRELI STEELS

# NOTICE OF THE EXTRAORDINARY GENERAL MEETING

AMRELI STEELS

Notice is hereby given that the Extraordinary General Meeting (EOGM) of the shareholders of Amreli Steels Limited (the Company) will be held on Wednesday, 17 June 2026 at 04:00 pm at Auditorium Hall of the Institute of Chartered Accountants of Pakistan (ICAP) located at Block - 8, Chartered Accountants Avenue, Clifton, Karachi to transact the following businesses. The shareholders can also attend the EOGM via video link facility.

**Special Business:**

1. **To consider and if deemed fit, pass the following resolutions as special resolutions (with or without modification) to increase authorized share capital of the Company in accordance with the Companies Act, 2017 as recommended by the Board of Directors:**

   **RESOLVED THAT** the approval of the shareholders of Amreli Steels Limited ("the Company") be and is hereby accorded to increase authorized share capital of the Company from Rs.5,000,000,000 (Rupees Five Billion Only) divided into 420,000,000 ordinary shares of Rs.10/- each and 80,000,000 cumulative preference shares of Rs.10/- each to Rs. 8,000,000,000 (Rupees Eight Billion Only) divided into 720,000,000 (Seven Hundred and Twenty Million) ordinary shares of Rs.10/- each and 80,000,000 (Eighty Million) cumulative preference shares of Rs.10/- each;

   **FURTHER RESOLVED THAT** in consequence of the aforesaid increase in the authorized share capital of the Company, the existing Clause V of the Memorandum of Association and Clause 3 of the Articles of Association of the Company be and are hereby amended accordingly, to read as follows:

   **Clause V of Memorandum of Association:**

   V. The authorized capital of the Company is Rs. 8,000,000,000 (Rupees Eight Billion Only) divided into 800,000,000 shares comprises of 720,000,000 ordinary shares of Rs.10/- each and 80,000,000 cumulative preference shares of Rs.10/- each. The ordinary shares and cumulative preference shares shall each have the respective rights, benefits, privileges and conditions as are provided in the Articles of Association of the Company. The Company shall have power to increase, reduce, sub-divide or reorganize the capital of the Company and divide the ordinary share capital of the Company (both ordinary and preference) into several classes in accordance with the provisions of the law applicable for the time being.

   **Clause 3 of Articles of Association:**

   **II. CAPITAL**

   3. **Capital:** The authorized capital of the Company is Rs.8,000,000,000 (Rupees Eight Billion Only) divided into 800,000,000 shares comprises of 720,000,000 ordinary shares of Rs.10/- each and 80,000,000 cumulative preference shares of Rs.10/- each. The ordinary shares and cumulative preference shares shall have the respective rights and benefits given by in these Articles. The Company shall have power to increase, reduce or reorganize the capital of the Company and divide the ordinary share capital of the Company into several classes in accordance with the provisions of the law applicable for the time being.

   **FURTHER RESOLVED THAT** the ordinary shares when issued shall carry equal voting rights and rank pari passu with the existing ordinary shares of the Company in all respects/matters in conformity with the provisions of the Companies Act, 2017.

   **FURTHER RESOLVED THAT** the Chief Executive Officer and/or Chief Financial Officer and/or Company Secretary be and are hereby singly authorized to do all acts, deeds and things and take all steps and necessary actions ancillary and incidental including filing of requisite documents and returns as may be required with the Registrar of Companies, Securities and Exchange Commission of Pakistan and complying with all other regulatory requirements to effectuate and implement the aforesaid resolutions.

2. **To transact any other business as may be placed before the meeting with the permission of the Chair.**

   Statements under Section 134(3) of the Companies Act, 2017 concerning special business are annexed to the notice of meeting circulated to the members of the Company.

By Order of the Board

Adnan Abdul Ghaffar
Company Secretary

21 May 2026
Karachi

**Notes:**

1. **Participation in the EOGM Proceeding via Video Link Facility:**
   The Company also facilitates participation of its shareholders through a video link facility in pursuance to Circulars notified by the SECP. The members/proxies interested to participate in the EOGM through this facility are requested to share below information at investor-relations@amrelisteels.com with subject "Registration for EOGM of Amreli Steels Limited" -

| Shareholder Name | Folio / CDC Number | CNIC Number | Cell Number | Registered Email Address |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

   Video-link and login credentials will be shared with the members/proxies whose email containing all the above particulars are received at the given email address by the close of business on or before 13 June 2026.

2. **Closure of Share Transfer Books:**
   The Share Transfer Books of the Company will remain closed from 10 June 2026 to 17 June 2026 (both days inclusive). Transfers received in order by our Share Registrar, M/s. THK Associates (Pvt.) Limited, Plot No. 32-C, Jami Commercial, Street-2, D.H.A., Phase-VII, Karachi-75500, Pakistan by the close of business on 09 June 2026 will be considered in time for attending the meeting.

3. **Appointment of Proxies:**
   i. A member entitled to attend, speak and vote at the Extraordinary General Meeting is entitled to appoint another member as his/her proxy to attend, speak and vote on his/her behalf.
   ii. The instrument appointing proxy and the power of attorney or other authority, under which it is signed, or a notarized certified copy of the power or authority must be deposited at the registered office of the Company at least 48 hours before the time of the meeting. Form of Proxy is enclosed.
   iii. The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.
   iv. In case of individual, the account holder or sub-account holder shall furnish the attested copies of CNIC or the passport of the member and the proxy, along with the proxy form.
   v. Corporate entities shall submit the Board of Directors' resolution/Power of Attorney, with specimen signature, along with the proxy form.

4. **Attending the Extraordinary General Meeting**
   i. In case of individual, whether physical shareholder or the account holder or sub-account holder at Central Depository Company (CDC), shall authenticate his/her identity by showing his/her original CNIC or original passport at the time of attending the meeting.
   ii. The proxy shall also produce his/her original CNIC or original passport at the time of meeting.
   iii. Members registered on CDC are also requested to bring their account details with the CDC.
   iv. In case of a corporate entity, the Board of Directors' resolution/Power of Attorney, with specimen signature of the nominee, shall be produced at the time of the meeting (unless it has been provided earlier).

5. **Change in Members Addresses:**
   Members are requested to notify any change in their addresses immediately to the Share Registrar M/s. THK Associates (Pvt.) Limited.

6. **Procedure For E-Voting & Postal Ballot:**
   The members are hereby notified that the SECP, vide Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018 requires all the listed companies to provide the right to vote through electronic voting facility and voting by post to the members on all businesses classified as special business.

   Accordingly, the members of the Company will be allowed to exercise their right to vote through e-voting facility or voting by post in this General Meeting. In accordance with the conditions mentioned in the aforesaid regulations, the Company shall provide its members with the following options for voting:

   a. **Procedure for E-voting:**
      i. Details of the e-voting facility will be shared through an e-mail with those members of the Company who have their valid CNIC numbers, cell numbers, and e-mail addresses available in the register of members of the Company by the close of business of 09 June, 2026.
      ii. The web address, login details, will be communicated to members via email. The security codes will be communicated to members through SMS from web portal of THK Associates (Private) Limited (being the e-voting service provider).
      iii. Identity of the members intending to cast vote through e-voting shall be authenticated through electronic signature or authentication for login.
      iv. E-Voting lines will start from 11 June 2026, 09:00 a.m. and shall close on 16 June 2026 at 5:00 p.m. Members can cast their votes any time during this period. Once the vote on a resolution is cast by a Member, he / she shall not be allowed to change it subsequently.

   b. **Procedure For Voting Through Postal Ballot**
      i. For members who wish to opt for voting through post, Ballot Paper is published and the same is also available on the Company's website www.amrelisteels.com.
      ii. The members shall ensure that duly filled and signed ballot paper, along with copy of CNIC/NICOP or Passport (in case of foreign national), should reach the Chairman of the meeting through post on the Company's registered address A-18, S.I.T.E., Karachi or email at investor-relations@amrelisteels.com one day before the General Meeting, during working hours.

7. **Consent for Video Conference Facility:**

   In compliance with Section 134(1) (b) of the Companies Act, 2017, members of the Company may attend and participate in the EOGM through video conference facility, if member(s) residing in a city other than Karachi, collectively holding 10% or more shareholding, demand in writing, to participate in the EOGM through video conference at least ten (10) days prior to the date of the EOGM.

   To avail such facility, please submit the following form with the requisite information at the Registered Office of the Company –

   I/We ____________________ of ____________________ being member(s) of Amreli Steels limited, holder of ______________ ordinary shares(s) as per Registered Folio/CDC Account No. ________ hereby opt for video conference facility at ______________ to attend the EOGM to be held on 17 June 2026 or any adjournment thereof.

   ________________ Name and Signature(s)

   ________________ Date

   The Company will intimate members regarding venue of video conference facility at least five (05) days before the date of the EOGM along with complete information necessary to enable them to access such facility.

8. **Prohibition on Grant of Gifts to Shareholders**

   In compliance with section 185 of the Companies Act, 2017 and SRO 452(I)/2025 dated March 17 2025, issued by SECP, it is hereby notified that no gifts in any form or manner, shall be distributed to shareholders at the General Meeting.

9. **Code of Conduct for Shareholders in General Meeting:**

   Section 215 of the Companies Act, 2017 ("the Act") and Regulation 55 of the Companies Regulations, 2024, "Conduct of Shareholders at Meetings" state as follows:

   i. shall not bring such material that may cause threat to participants or premises where meeting is being held;
   ii. shall confine themselves to the agenda items covered in the notice of meeting;
   iii. shall keep comments and discussion restricted to the affairs of the company; and
   iv. shall not conduct in a manner to disclose any political affiliation or offend religious susceptibility of other members

**Statement under Section 134(3) of the Companies Act, 2017**

This statement sets out the material facts concerning the Special Business to be transacted at the Extraordinary General Meeting of the Company to be held on 17 June 2026.

**Agenda No. 1:**
**Increase in Authorized Share Capital of the Company and consequent amendments in the Memorandum and Articles of Association of the Company:**

The existing authorized share capital of the Company is PKR 5,000,000,000/- (Rupees Five Billion only) divided into 420,000,000 ordinary shares of Rs.10/- each and 80,000,000 cumulative preference shares of Rs.10/- each.

In order to provide the Company with adequate leverage to consider future increase in share capital, it is proposed to increase the Share Capital of the Company from existing share capital of Rs.5,000,000,000 (Rupees Five Billion only) divided into 420,000,000 ordinary shares of Rs.10/- each and 80,000,000 cumulative preference shares of Rs.10/- each to Rs. 8,000,000,000 (Rupees Eight Billion only) divided into 800,000,000 shares of Rs.10/- each by creation of 300,000,000 additional ordinary shares of Rs.10 each which shall rank pari passu in every respect with the existing ordinary shares of the Company.

The proposed increase in the authorized share capital of the Company will also necessitate amendments in Clause V of Memorandum of Association of the Company and Article 3 of the Articles of Association of the Company. The Board of Directors has also recommended required alterations to the Memorandum and Articles of Association of the Company to reflect the increase in authorized share capital of the Company. The comparison of existing clause / article with the proposed is as under:

**Comparative Statement:**

| Description | Existing Clause | Proposed Amended Clause |
|---|---|---|
| Clause V of Memorandum of Association | The authorized capital of the Company is Rs. 5,000,000,000/- (Rupees Five Billion Only) divided into 500,000,000 shares comprises of 420,000,000 ordinary shares of Rs 10/- each and 80,000,000 Cumulative Preference Shares of Rs. 10/- each. The Ordinary Shares and Cumulative Preference Shares shall each have the respective rights, benefits, privileges and conditions as are provided in the Articles of Association of the Company. The Company shall have power to increase, reduce, sub-divide or reorganize the capital of the Company and divide the Ordinary Share Capital of the Company (both Ordinary and Preference) into several classes in accordance with the provisions of the law applicable for the time being. | The authorized capital of the Company is Rs.8,000,000,000 (Rupees Eight Billion Only) divided into 800,000,000 shares comprises of 720,000,000 ordinary shares of Rs.10/- each and 80,000,000 cumulative preference shares of Rs.10/- each. The ordinary shares and cumulative preference shares shall each have the respective rights, benefits, privileges and conditions as are provided in the Articles of Association of the Company. The Company shall have power to increase, reduce, sub-divide or reorganize the capital of the Company and divide the ordinary share capital of the Company (both ordinary and preference) into several classes in accordance with the provisions of the law applicable for the time being. |
| Article 3 of Articles of Association | The authorized capital of the Company is Rs. 5,000,000,000/- (Rupees Five Billion Only) divided into 500,000,000 shares comprises of 420,000,000 ordinary shares of Rs 10/- each and 80,000,000 Cumulative Preference Shares of Rs. 10/- each. The Ordinary Shares and Cumulative Preference Shares shall have the respective rights and benefits given by in these Articles. The Company shall have power to increase, reduce or reorganize the capital of the Company and divide the Ordinary Share Capital of the Company into several classes in accordance with the provisions of the law applicable for the time being. | The authorized capital of the Company is Rs.8,000,000,000 (Rupees Eight Billion Only) divided into 800,000,000 shares comprises of 720,000,000 ordinary shares of Rs.10/- each and 80,000,000 cumulative preference shares of Rs.10/- each. The ordinary shares and cumulative preference shares shall have the respective rights and benefits given by in these Articles. The Company shall have power to increase, reduce or reorganize the capital of the Company and divide the ordinary share capital of the Company into several classes in accordance with the provisions of the law applicable for the time being. |

**Interest of directors:**

The Directors of the Company and their relatives have no interest directly or indirectly in the proposed increase in authorized share capital and amendments in the Memorandum and Articles of Association of the Company except in their capacities as Directors or members of the Company.

**Availability of Relevant Documents:**

A copy of the existing and amended Memorandum and Articles of Association identifying the changes proposed therein bearing the initial of the Company Secretary for identification purposes is available for inspection at the registered office of the Company from 9.00 a.m. to 5.00 p.m. on any working day, up to the last working day before the date of the EOGM. The same shall also be available for inspection by the members in the EOGM.

For any query/problem/information, members may contact our Share Registrar at the following address:

**THK Associates (Pvt) Ltd**
Plot No. 32-C, Jami Commercial, Street-2,
D.H.A., Phase-VII, Karachi-75500, Pakistan
UAN No: (021) 111-000-322
Direct No: (021) 3 5310187
Email: sfc@thk.com.pk

AMRELI STEELS

# نوٹس برائے غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ امریلی اسٹیلز لمیٹڈ (کمپنی) کے شیئر ہولڈرز کا غیر معمولی اجلاس عام (EOGM) بروز بدھ، 17 جون، 2026 کو بوقت 4:00 بجے دن، انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (ICAP) کے آڈیٹوریم ہال بمقام بلاک-8، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ایونیو کلفٹن، کراچی میں منعقد کیا جائے گا جس میں درج ذیل امور کو زیر غور لایا جائے گا۔ حصص یافتگان ویڈیو لنک سہولت کے ذریعے بھی اس اجلاس میں شرکت کر سکتے ہیں۔

**امور خصوصی:**

1۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت کمپنی کے مجاز حصص سرمایہ میں اضافے کے لئے درج ذیل قراردادوں پر غور کرنا اور مناسب سمجھنے کی صورت میں انہیں بطور خاص قرارداد (ترمیم کے ساتھ یا بغیر ترمیم) منظور کرنا:

**یہ قرارداد منظور کی جاتی ہے کہ** امریلی اسٹیلز لمیٹڈ ("کمپنی") کے شیئر ہولڈرز کی جانب سے منظوری دی جاتی ہے اور بذریعہ ہذا منظور کیا جاتا ہے کہ کمپنی کے مجاز حصص سرمایہ کو 5,000,000,000 روپے (صرف پانچ ارب روپے) سے، جو 10 روپے فی حصص کے حساب سے 420,000,000 عام حصص اور 10 روپے فی حصص کے حساب سے 80,000,000 مجموعی ترجیحی حصص پر مشتمل ہے، کو بڑھا کر 8,000,000,000 روپے (صرف آٹھ ارب روپے) کیا جائے، جو 10 روپے فی حصص کے حساب سے 720,000,000 (سات سو بیس ملین) عام حصص اور 10 روپے فی حصص کے حساب سے 80,000,000 (اسی ملین) مجموعی ترجیحی حصص پر مشتمل ہوگا؛

**مزید یہ طے پایا کہ** کمپنی کے مجاز حصص سرمایہ میں مذکورہ بالا اضافے کے نتیجے میں، کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی موجودہ شق V اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی شق 3 میں مناسب ترمیم کی جائے اور انہیں حسبِ ذیل پڑھا جائے:

**میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق V:**

V۔ کمپنی کا مجاز سرمایہ 8,000,000,000 روپے (صرف آٹھ ارب روپے) ہے جو 800,000,000 حصص میں تقسیم ہے، جن میں 10 روپے فی حصص کے حساب سے 720,000,000 عام حصص اور 10 روپے فی حصص کے حساب سے 80,000,000 مجموعی ترجیحی حصص شامل ہیں۔ عام حصص اور مجموعی ترجیحی حصص کے متعلقہ حقوق، فوائد، مراعات اور شرائط وہی ہوں گی جو کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں فراہم کی گئی ہیں۔ کمپنی کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ وقتاً فوقتاً نافذ العمل قانون کے مطابق اپنے سرمایہ میں اضافہ، کمی، ذیلی تقسیم یا تنظیمِ نو کرے اور کمپنی کے حصص سرمایہ (عام اور ترجیحی دونوں) کو مختلف اقسام میں تقسیم کرے۔

**آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی شق 3:**

**II۔ سرمایہ**

3۔ **سرمایہ:** کمپنی کا مجاز سرمایہ 8,000,000,000 روپے (صرف آٹھ ارب روپے) ہے جو 800,000,000 حصص میں تقسیم ہے، جن میں 10 روپے فی حصص کے حساب سے 720,000,000 عام حصص اور 10 روپے فی حصص کے حساب سے 80,000,000 مجموعی ترجیحی حصص شامل ہیں۔ عام حصص اور مجموعی ترجیحی حصص کے متعلقہ حقوق اور فوائد وہی ہوں گے جو ان آرٹیکلز میں فراہم کیے گئے ہیں۔ کمپنی کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ وقتاً فوقتاً نافذ العمل قانون کے مطابق اپنے سرمایہ میں اضافہ، کمی یا تنظیمِ نو کرے اور کمپنی کے حصص سرمایہ کو مختلف اقسام میں تقسیم کرے۔

**مزید یہ قرارداد منظور کی جاتی ہے کہ** جاری کردہ عام حصص مساوی ووٹنگ حقوق کے حامل ہوں گے اور ہر لحاظ سے/ تمام امور میں کمپنی کے موجودہ عام حصص کے برابر (pari passu) درجہ رکھیں گے، جیسا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات میں مذکور ہے۔

**مزید یہ قرارداد منظور کی جاتی ہے کہ** چیف ایگزیکٹو آفیسر اور/ یا چیف فنانشل آفیسر اور/ یا کمپنی سیکرٹری کو انفرادی طور پر اس امر کا اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ تمام اعمال، افعال اور امور سرانجام دیں اور تمام ضروری و مناسب اقدامات کریں، جو ضمنی اور لازمی نوعیت کے ہوں، بشمول مطلوبہ دستاویزات اور ریٹرنز کو رجسٹرار آف کمپنیز اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے پاس جمع کروانا، اور دیگر تمام ضابطہ جاتی تقاضوں کی تکمیل کرنا، تاکہ مذکورہ بالا قراردادوں کو مؤثر بنایا جا سکے اور ان پر عملدرآمد کیا جا سکے۔

2۔ چیئرمین کی اجازت سے اجلاس کے سامنے پیش کیے جانے والے کسی بھی دیگر امور پر غور کرنا۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 134(3) کے تحت خصوصی امور سے متعلق بیانات کو کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام کے نوٹس کے ساتھ منسلک کیا گیا ہے۔

بحکم بورڈ

عدنان عبدالغفار
کمپنی سیکرٹری

21 مئی 2026
کراچی

**نوٹس:**

**1۔ ویڈیو لنک سہولت کے ذریعے غیر معمولی اجلاس عام (EOGM) میں شرکت:**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے جاری کردہ سرکلرز کے مطابق کمپنی اپنے حصص یافتگان کی غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کے لیے ویڈیو لنک کی سہولت بھی فراہم کر رہی ہے۔ وہ اراکین/ پراکسیز جو اس سہولت کے ذریعے غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کے خواہشمند ہوں، ان سے درخواست ہے کہ درج ذیل معلومات بعنوان "Registration for EOGM of Amreli Steels Limited" ای میل ایڈریس investor-relations@amrelisteels.com پر ارسال کریں۔

| حصص یافتگان کا نام | فولیو/سی ڈی سی نمبر | قومی شناختی کارڈ نمبر | موبائل فون نمبر | رجسٹرڈ ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

ویڈیو لنک اور لاگ اِن کی تفصیلات ان اراکین/ پراکسیز کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جن کی ای میل، جس میں مذکورہ بالا تمام معلومات شامل ہوں، مقررہ ای میل ایڈریس پر کاروباری اوقات کے اختتام تک یا اس سے قبل، بروز 13 جون، 2026 موصول ہو جائے گی۔

**2۔ حصص کی منتقلی کے کھاتوں کی بندش:**

کمپنی کے حصص منتقلی کے کھاتے 10 جون، 2026 سے 17 جون، 2026 تک (بشمول ایام مذکورہ) بند رہیں گے۔ وہ ٹرانسفرز جو ہمارے شیئر رجسٹرار، میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس پرائیویٹ لمیٹڈ، پلاٹ نمبر 32-C، جامی کمرشل، اسٹریٹ 2، ڈی ایچ اے فیز-VII، کراچی-75500، پاکستان کے پاس کاروباری اوقات کے اختتام تک 9 جون، 2026 کو یا اس سے قبل درست حالت میں موصول ہوں گی، انہیں اجلاس میں شرکت کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

**3۔ پراکسیز کی تقرری:**

i۔ ایسا کوئی بھی ممبر جو غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت، اظہار رائے اور ووٹ دینے کا مجاز ہو، وہ اپنی جانب سے کسی دوسرے رکن کو اپنا پراکسی مقرر کرنے کا حق رکھتا ہے تاکہ وہ اس کی جانب سے شرکت کرے، اظہار خیال کرے اور ووٹ دے سکے۔

ii۔ پراکسی مقرر کرنے کی دستاویز اور اس کے تحت دی گئی پاور آف اٹارنی یا دیگر اختیار نامہ، یا اس کی نوٹری سے تصدیق شدہ نقل، لازماً اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں جمع کروانا ضروری ہوگا۔ پراکسی فارم منسلک ہے۔

iii۔ پراکسی فارم پر دو گواہوں کے دستخط ہونا ضروری ہیں، جن کے نام، پتے اور قومی شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہوں گے۔

iv۔ انفرادی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر کو پراکسی فارم کے ساتھ رکن اور پراکسی دونوں کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول فراہم کرنا ہوں گی۔

v۔ کارپوریٹ اداروں کو پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی، بمعہ نمونہ دستخط، جمع کروانا ہوں گے۔

**4۔ غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت:**

i۔ انفرادی ممبر ہونے کی صورت میں، خواہ وہ فزیکل شیئر ہولڈر ہو یا سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی (CDC) میں اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر ہو، اجلاس میں شرکت کے وقت اپنی شناخت کی تصدیق کے لیے اصل قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ضروری ہوگا۔

ii۔ پراکسی کو بھی اجلاس کے وقت اپنا اصل قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

iii۔ سی ڈی سی (CDC) میں رجسٹرڈ اراکین سے بھی درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے سی ڈی سی اکاؤنٹ کی تفصیلات ساتھ لائیں۔

iv۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی، نامزد شخص کے نمونہ دستخط کے ساتھ، اجلاس کے وقت پیش کی جائے (اگر پہلے فراہم نہ کی گئی ہو)۔

**5۔ ممبران کے پتوں میں تبدیلی:**

ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر شیئر رجسٹرار میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس پرائیویٹ لمیٹڈ کو مطلع کریں۔

**6۔ ای ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ کا طریقہ کار:**

ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے جاری کردہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے مطابق تمام لسٹڈ کمپنیوں کے لیے یہ لازم ہے کہ وہ تمام ایسے کاروباری امور پر، جو خصوصی امور کے زمرے میں آتے ہیں، ممبران کو الیکٹرانک ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ دینے کا حق فراہم کریں۔

لہذا، کمپنی کے اراکین کو اس عام اجلاس میں ای ووٹنگ سہولت یا پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔ مذکورہ بالا قواعد و ضوابط کی شرائط کے مطابق، کمپنی اپنے اراکین کو ووٹنگ کے درج ذیل اختیارات فراہم کرے گی:

**الف۔ ای ووٹنگ کا طریقہ کار:**

i۔ ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات ان اراکین کو ای میل کے ذریعے فراہم کی جائیں گی جن کے درست قومی شناختی کارڈ نمبر، موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس کمپنی کے اراکین کے رجسٹر میں 9 جون، 2026 کے کاروباری اوقات کے اختتام تک درج ہوں گے۔

ii۔ ویب ایڈریس اور لاگ اِن تفصیلات اراکین کو ای میل کے ذریعے ارسال کی جائیں گی۔ سیکیورٹی کوڈز اراکین کو ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس پرائیویٹ لمیٹڈ (بطور ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ) کے ویب پورٹل سے ایس ایم ایس (SMS) کے ذریعے بھیجے جائیں گے۔

iii۔ ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ دینے کے خواہشمند اراکین کی شناخت لاگ اِن کے وقت الیکٹرانک دستخط یا دیگر توثیقی نظام کے ذریعے کی جائے گی۔

iv۔ ای ووٹنگ کی سہولت 11 جون، 2026 کو صبح 09:00 بجے شروع ہوگی اور 16 جون، 2026 کو شام 05:00 بجے بند ہو جائے گی۔ اراکین اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ایک بار کسی قرارداد پر ووٹ ڈالنے کے بعد، رکن کو اسے تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

**ب۔ پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کا طریقہ کار:**

i۔ وہ ممبران جو پوسٹ کے ذریعے ووٹنگ کا انتخاب کرنا چاہتے ہیں، ان کے لیے بیلٹ پیپر شائع کیا گیا ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ www.amrelisteels.com پر بھی دستیاب ہے۔

ii۔ ممبران اس بات کو یقینی بنائیں کہ مکمل طور پر پُر کیا گیا اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر، قومی شناختی کارڈ/ نائی کوپ (NICOP) یا پاسپورٹ (غیر ملکی شہری کی صورت میں) کی نقل کے ساتھ، اجلاس سے ایک روز قبل دفتری اوقات کے دوران، کمپنی کے رجسٹرڈ پتے سائٹ A-18، کراچی پر بذریعہ ڈاک چیئرمین اجلاس کو موصول ہو جائے، یا اسے ای میل investor-relations@amrelisteels.com کے ذریعے پر بھی ارسال کیا جا سکتا ہے۔

**7۔ ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے لیے رضامندی:**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 134(1)(b) کی تعمیل میں، کمپنی کے اراکین غیر معمولی اجلاس عام میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے شرکت کر سکتے ہیں، بشرطیکہ کراچی کے علاوہ کسی دوسرے شہر میں مقیم ایسے اراکین جو مجموعی طور پر 10% یا اس سے زیادہ شیئر ہولڈنگ رکھتے ہوں، اجلاس کی تاریخ سے کم از کم دس (10) دن قبل تحریری طور پر ویڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی درخواست کریں۔

اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لیے، براہِ کرم درج ذیل فارم مطلوبہ معلومات کے ساتھ کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں جمع کروائیں:

میں/ ہم __________ سکنہ/ ساکنان __________ جو
کہ امریلی اسٹیلز لمیٹڈ کے رکن/ اراکین ہونے کی حیثیت سے، __________ عام حصص کے حامل، بحوالہ رجسٹرڈ فولیو/ سی ڈی
سی اکاؤنٹ نمبر __________ کے تحت، بذریعہ ہذا ویڈیو کانفرنس سہولت کے ذریعے __________ پر منعقد ہونے
والے غیر معمولی اجلاس عام (EOGM) جو بروز بدھ 17 جون، 2026 کو منعقد ہوگا یا اس کی کسی بھی ملتوی شدہ نشست میں شرکت کے لیے اپنی رضامندی ظاہر کرتے ہیں۔

__________ نام اور دستخط

__________ تاریخ

کمپنی ویڈیو کانفرنس سہولت کے مقام کے بارے میں اراکین کو غیر معمولی اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم پانچ (05) دن قبل مطلع کرے گی، اور ساتھ ہی اس سہولت تک رسائی حاصل کرنے کے لیے درکار تمام ضروری معلومات بھی فراہم کی جائیں گی۔

**8۔ حصص یافتگان کو تحائف دینے پر پابندی:**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 185 اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے جاری کردہ SRO 452(I)/2025 مورخہ 17 مارچ 2025 کی تعمیل میں، یہ مطلع کیا جاتا ہے کہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کو کسی بھی قسم کے تحائف کسی بھی صورت یا طریقے سے تقسیم نہیں کیے جائیں گے۔

**9۔ اجلاس عام میں حصص یافتگان کے لیے ضابطہ اخلاق:**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 215 اور کمپنیز ریگولیشنز 2024 کی ریگولیشن 55 "اجلاسوں میں حصص یافتگان کا طرزِ عمل" کے مطابق درج ذیل اصول لاگو ہوں گے:

i۔ ایسے مواد کے ساتھ اجلاس میں داخل نہ ہوں جو اجلاس کے شرکاء یا اجلاس کے مقام کے لیے خطرے کا باعث بن سکتا ہو؛

ii۔ اجلاس کے نوٹس میں شامل ایجنڈا آئٹمز تک ہی خود کو محدود رکھیں؛

iii۔ گفتگو اور تبصرے صرف کمپنی کے معاملات تک محدود رکھیں؛ اور

iv۔ کسی بھی قسم کی سیاسی وابستگی ظاہر نہ کریں اور نہ ہی دیگر اراکین کے مذہبی جذبات کو مجروح کریں۔

## کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 134(3) کے تحت بیان

یہ بیان ان اہم حقائق کو واضح کرتا ہے جو کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام میں زیرِ غور لانے والے خصوصی امور سے متعلق ہیں، جو مورخہ 17 جون 2026 کو منعقد ہوگا۔

**ایجنڈا نمبر 1:**

کمپنی کے مجاز حصص سرمائے میں اضافہ اور اس کے نتیجے میں کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترامیم:

کمپنی کا موجودہ مجاز حصص سرمایہ 5,000,000,000 پاکستانی روپے (صرف پانچ ارب روپے) ہے، جو 10 روپے فی حصص کے حساب سے 420,000,000 عام حصص اور 10 روپے فی حصص کے حساب سے 80,000,000 مجموعی ترجیحی حصص میں تقسیم ہے۔

کمپنی کو مستقبل میں حصص سرمائے میں اضافے کے لیے مناسب گنجائش فراہم کرنے کی غرض سے تجویز ہے کہ کمپنی کے حصص سرمائے کو موجودہ 5,000,000,000 روپے (صرف پانچ ارب روپے)، جو 10 روپے فی حصص کے حساب سے 420,000,000 عام حصص اور 10 روپے فی حصص کے حساب سے 80,000,000 مجموعی ترجیحی حصص پر مشتمل ہے، سے بڑھا کر 8,000,000,000 روپے (صرف آٹھ ارب روپے) کر دیا جائے، جو 10 روپے فی حصص کے حساب سے 800,000,000 حصص میں تقسیم ہوگا، بذریعہ 10 روپے فی حصص کے حساب سے مزید 300,000,000 عام حصص کی تخلیق کے، جو ہر لحاظ سے کمپنی کے موجودہ عام حصص کے برابر (pari passu) ہوں گے۔

کمپنی کے مجاز حصص سرمائے میں مجوزہ اضافے کے باعث کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق V اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی دفعہ 3 میں ترامیم بھی ضروری ہوں گی۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے بھی کمپنی کے مجاز حصص سرمائے میں اضافے کی عکاسی کے لیے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں مطلوبہ تبدیلیوں کی سفارش کی ہے۔ موجودہ شق/ دفعہ اور مجوزہ شق/ دفعہ کا تقابلی جائزہ درج ذیل ہے:

**تقابلی بیان:**

| تفصیلات | موجودہ شق | مجوزہ ترمیم شدہ شق |
|---|---|---|
| میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق V | کمپنی کا مجاز سرمایہ 5,000,000,000 روپے (صرف پانچ ارب روپے) ہے جو 500,000,000 حصص میں تقسیم ہے، جن میں 10 روپے فی حصص کے حساب سے 420,000,000 عام حصص اور 10 روپے فی حصص کے حساب سے 80,000,000 مجموعی ترجیحی حصص شامل ہیں۔ عام حصص اور مجموعی ترجیحی حصص کے متعلقہ حقوق، فوائد، مراعات اور شرائط وہی ہوں گی جو کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں فراہم کی گئیں ہیں۔ کمپنی کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ وقتاً فوقتاً نافذ العمل قانون کے مطابق اپنے سرمائے میں اضافہ، کمی، ذیلی تقسیم یا تنظیم نو کرے اور کمپنی کے حصص سرمایہ کو مختلف اقسام میں تقسیم کرے۔ | کمپنی کا مجاز سرمایہ 8,000,000,000 روپے (صرف آٹھ ارب روپے) ہے جو 800,000,000 حصص میں تقسیم ہے، جن میں 10 روپے فی حصص کے حساب سے 720,000,000 عام حصص اور 10 روپے فی حصص کے حساب سے 80,000,000 مجموعی ترجیحی حصص شامل ہیں۔ عام حصص اور مجموعی ترجیحی حصص کے متعلقہ حقوق، فوائد، مراعات اور شرائط وہی ہوں گی جو کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں فراہم کی گئیں ہیں۔ کمپنی کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ وقتاً فوقتاً نافذ العمل قانون کے مطابق اپنے سرمائے میں اضافہ، کمی، ذیلی تقسیم یا تنظیم نو کرے اور کمپنی کے حصص سرمایہ کو مختلف اقسام میں تقسیم کرے۔ |
| آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کا آرٹیکل نمبر 3 | کمپنی کا مجاز سرمایہ 5,000,000,000 روپے (صرف پانچ ارب روپے) ہے جو 500,000,000 حصص میں تقسیم ہے، جن میں 10 روپے فی حصص کے حساب سے 420,000,000 عام حصص اور 10 روپے فی حصص کے حساب سے 80,000,000 مجموعی ترجیحی حصص شامل ہیں۔ عام حصص اور مجموعی ترجیحی حصص کے متعلقہ حقوق، فوائد، مراعات اور شرائط وہی ہوں گی جو کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں فراہم کی گئیں ہیں۔ کمپنی کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ وقتاً فوقتاً نافذ العمل قانون کے مطابق اپنے سرمائے میں اضافہ، کمی، یا تنظیم نو کرے اور کمپنی کے حصص سرمایہ کو مختلف اقسام میں تقسیم کرے۔ | کمپنی کا مجاز سرمایہ 8,000,000,000 روپے (صرف آٹھ ارب روپے) ہے جو 800,000,000 حصص میں تقسیم ہے، جن میں 10 روپے فی حصص کے حساب سے 720,000,000 عام حصص اور 10 روپے فی حصص کے حساب سے 80,000,000 مجموعی ترجیحی حصص شامل ہیں۔ عام حصص اور مجموعی ترجیحی حصص کے متعلقہ حقوق، فوائد، مراعات اور شرائط وہی ہوں گی جو کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں فراہم کی گئیں ہیں۔ کمپنی کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ وقتاً فوقتاً نافذ العمل قانون کے مطابق اپنے سرمائے میں اضافہ، کمی، یا تنظیم نو کرے اور کمپنی کے حصص سرمایہ کو مختلف اقسام میں تقسیم کرے۔ |

**ڈائریکٹرز کا مفاد:**

کمپنی کے ڈائریکٹرز اور ان کے رشتہ داروں کا مجوزہ مجاز حصص سرمائے میں اضافے اور کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترامیم میں بالواسطہ یا بلاواسطہ کوئی مفاد نہیں ہے، سوائے اس کے کہ وہ کمپنی کے ڈائریکٹرز یا اراکین کی حیثیت سے وابستہ ہیں۔

**متعلقہ دستاویزات کی دستیابی:**

کمپنی کے موجودہ اور ترمیم شدہ میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی ایک نقل، جس میں مجوزہ تبدیلیوں کی نشاندہی کی گئی ہے اور شناختی مقاصد کے لیے کمپنی سیکریٹری کے ابتدائی دستخط ثبت ہیں، کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں ہر کام کے دن صبح 09:00 بجے سے شام 05:00 بجے تک، غیر معمولی اجلاس عام کی تاریخ سے پہلے آخری کام کے دن تک معائنہ کے لیے دستیاب ہوگی۔ مذکورہ دستاویزات غیر معمولی اجلاس عام میں بھی اراکین کے معائنہ کے لیے موجود ہوں گی۔

کسی بھی سوال/ مسئلے/ معلومات کے لیے اراکین ہمارے شیئر رجسٹرار سے درج ذیل پتے پر رابطہ کر سکتے ہیں:

ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس پرائیویٹ لمیٹڈ
پلاٹ نمبر 32-C، جامی کمرشل، اسٹریٹ-2،
ڈی ایچ اے فیز-VII، کراچی-75500، پاکستان

یو اے این نمبر: (021) 111-000-322
براہ راست نمبر: (021) 3 5310187
ای میل: sfc@thk.com.pk

**AMRELI STEELS LIMITED**

Registered Address: A-18, S.I.T.E., Karachi
Email: investor-relations@amrelisteels.com
Website: https://amrelisteels.com/

## POSTAL BALLOT PAPER

**Ballot paper for voting through post or poll at the Extraordinary General Meeting to be held on Wednesday, 17 June 2026 at 04:00 pm at Auditorium Hall of the Institute of Chartered Accountants of Pakistan (ICAP) located at Block - 8, Chartered Accountants Avenue, Clifton, Karachi**

Contact details of the Chairman, where duly filled and signed ballot paper may be sent:
Registered address of the Company: A-18, S.I.T.E., Karachi
Email: investor-relations@amrelisteels.com:

| | |
|---|---|
| Name of shareholder/joint shareholders | |
| Registered Address | |
| Number of shares held and folio number | |
| CNIC/NICOP Number or Passport Number<br>(in case of Foreign national) (copy to be attached) | |
| Additional Information and enclosures (In case of representative of body corporate, corporation and Federal Government.) | |

I/we hereby exercise my/our vote in respect of the following resolutions through postal ballot by conveying my/our assent or dissent to the following resolution by placing tick (√) mark in the appropriate box below; (In case if both the boxes are marked as " √", the vote shall be treated as "Rejected").

| S.No. | Nature and Description of resolutions | I/We assent to the Resolutions (FOR) | I/We dissent to the Resolutions (AGAINST) |
|---|---|---|---|
| 1. | **Special Resolution (Agenda No. 1)**<br><br>**RESOLVED THAT** the approval of the shareholders of Amreli Steels Limited ("the Company") be and is hereby accorded to increase authorized share capital of the Company from Rs.5,000,000,000 (Rupees Five Billion Only) divided into 420,000,000 ordinary shares of Rs.10/- each and 80,000,000 cumulative preference shares of Rs.10/- each to Rs. 8,000,000,000 (Rupees Eight Billion Only) divided into 720,000,000 (Seven Hundred and Twenty Million) ordinary shares of Rs.10/- each and 80,000,000 (Eighty Million) cumulative preference shares of Rs.10/- each;<br><br>**FURTHER RESOLVED THAT** in consequence of the aforesaid increase in the authorized share capital of the Company, the existing Clause V of the Memorandum of Association and Clause 3 of the Articles of Association of the Company be and are hereby amended accordingly, to read as follows:<br><br>**Clause V of Memorandum of Association:**<br><br>V. The authorized capital of the Company is Rs. 8,000,000,000 (Rupees Eight Billion Only) divided into 800,000,000 shares comprises of 720,000,000 ordinary shares of Rs.10/- each and 80,000,000 cumulative preference shares of Rs.10/- each. The ordinary shares and cumulative preference shares shall each have the respective rights, benefits, privileges and conditions as are provided in the Articles of Association of the Company. The Company shall have power to increase, reduce, sub-divide or reorganize the capital of the Company and divide the ordinary share capital of the Company (both ordinary and preference) into several classes in accordance with the provisions of the law applicable for the time being.<br><br>**Clause 3 of Articles of Association:**<br><br>**II. CAPITAL**<br><br>3. Capital: The authorized capital of the Company is Rs. 8,000,000,000 (Rupees Eight Billion Only) divided into 800,000,000 shares comprises of 720,000,000 ordinary shares of Rs.10/- each and 80,000,000 cumulative preference shares of Rs.10/- each. The ordinary shares and cumulative preference shares shall have the respective rights and benefits given by in these Articles. The Company shall have power to increase, reduce or reorganize the capital of the Company and divide the ordinary share capital of the Company into several classes in accordance with the provisions of the law applicable for the time being.<br><br>**FURTHER RESOLVED THAT** the ordinary shares when issued shall carry equal voting rights and rank pari passu with the existing ordinary shares of the Company in all respects/matters in conformity with the provisions of the Companies Act, 2017.<br><br>**FURTHER RESOLVED THAT** the Chief Executive Officer and/or Chief Financial Officer and/or Company Secretary be and are hereby singly authorized to do all acts, deeds and things and take all steps and necessary actions ancillary and incidental including filing of requisite documents and returns as may be required with the Registrar of Companies, Securities and Exchange Commission of Pakistan and complying with all other regulatory requirements to effectuate and implement the aforesaid resolutions. | | |

________________________

Signature of shareholder(s) /Proxyholder/
Authorized Representative (in case of corporate entity)
Place:
Date:

**NOTE:**

1. Dully filled postal ballot should be sent to the Chairman, at the above-mentioned postal address or email address.(with attention to the Company Secretary).
2. Copy of CNIC/NICOP or Passport (in case of foreign national) should be enclosed with the postal ballot form.
3. Postal ballot forms should reach the Chairman of the meeting on or before 16 June 2026 during working hours. Any postal ballot received after this date, will not be considered for voting.
4. Signature on postal ballot should match with signature on CNIC/NICOP.
5. Incomplete, unsigned, incorrect, defaced, torn, mutilated, over written ballot paper will be rejected.
6. In case of representative of body corporate and corporation, postal ballot must be accompanied by copy of CNIC of authorized person, along with a duly attested copy of Board Resolution, Power of Attorney or Authorization letter in accordance with section(s) 138 and 139 of the Companies Act, 2017, as applicable, unless these have been submitted along with the Proxy Form. In case of foreign body corporate etc. all documents must be attested from the Counsel General of Pakistan having jurisdiction over the member.
7. Ballot Paper has also been placed on the website of the Company https://amrelisteels.com/. Members may download the ballot paper from the website or use original/photocopy published in the newspaper.

**امریلی اسٹیلز لمیٹڈ**

رجسٹرڈ پتہ: A-18، سائٹ، کراچی
ای میل: investor-relations@amrelisteels.com
ویب سائٹ: /https://amrelisteels.com

## پوسٹل بیلٹ پیپر

کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام (EOGM) بروز بدھ بتاریخ 17 جون بوقت 4:00 بجے انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (ICAP) کے آڈیٹوریم ہال بمقام بلاک -8، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ایونیو، کلفٹن، کراچی میں منعقد ہوگا، اس میں بذریعہ ڈاک رائے شماری کا بیلٹ پیپر منسلک ہے۔

چیئر مین سے رابطے کی تفصیلات، جہاں مکمل طور پر پُر کیا گیا اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر ارسال کیا جاسکتا ہے:
کمپنی کا رجسٹرڈ پتہ: A-18، سائٹ، کراچی
ای میل: investor-relations@amrelisteels.com

| | |
|---|---|
| حصص یافتگان/مشترکہ حصص یافتگان کے نام | |
| رجسٹرڈ پتہ | |
| ملکیت میں موجود حصص کی تعداد اور فولیو نمبر | |
| قومی شناختی کارڈ نمبر (CNIC)/ نائی کوپ (NICOP) نمبر یا پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی شہری کی صورت میں) (کاپی منسلک کی جائے) | |
| اضافی معلومات اور منسلکات (کارپوریٹ ادارے، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کی نمائندگی کی صورت میں) | |

میں/ ہم بذریعہ ہذا پوسٹل بیلٹ کے ذریعے درج ذیل قراردادوں کے حق میں یا مخالفت میں ووٹ استعمال کرتے ہوئے نیچے دیے گئے مناسب خانے میں نشان (✓) لگا کر اپنی رضامندی یا عدم رضامندی ظاہر کرتے ہیں۔ اگر دونوں خانوں میں (✓) کا نشان لگایا گیا تو ووٹ کو "منسوخ" تصور کیا جائے گا۔

| نمبر شمار | ایجنڈا و تفصیلات برائے امور خصوصی | میں/ ہم قرارداد/ قراردادوں کے (حق میں) ووٹ دیتا/ دیتی ہوں/ دیتے ہیں | میں/ ہم قرارداد/ قراردادوں کی (مخالفت میں) ووٹ دیتا/ دیتی ہوں/ دیتے ہیں) |
|---|---|---|---|
| | **یہ قرارداد منظور کی جاتی ہے کہ** امریلی اسٹیلز لمیٹڈ ("کمپنی") کے شیئر ہولڈرز کی جانب سے منظوری دی جاتی ہے اور بذریعہ ہذا منظور کیا جاتا ہے کہ کمپنی کے مجاز حصص سرمایہ کو 5,000,000,000 روپے (صرف پانچ ارب روپے) سے، جو 10 روپے فی حصص کے حساب سے 420,000,000 عام حصص اور 10 روپے فی حصص کے حساب سے 80,000,000 مجموعی ترجیحی حصص پر مشتمل ہے، کو بڑھا کر 8,000,000,000 روپے (صرف آٹھ ارب روپے) کیا جائے، جو 10 روپے فی حصص کے حساب سے 720,000,000 (سات سو بیس ملین) عام حصص اور 10 روپے فی حصص کے حساب سے 80,000,000 (اسی ملین) مجموعی ترجیحی حصص پر مشتمل ہوگا؛<br><br>**مزید یہ طے پایا کہ** کمپنی کے مجاز حصص سرمایہ میں مذکورہ بالا اضافے کے نتیجے میں، کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی موجودہ شق V اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی شق 3 میں مناسب ترمیم کی جائے اور انہیں حسب ذیل پڑھا جائے:<br><br>**میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق** V:<br><br>V۔ کمپنی کا مجاز سرمایہ 8,000,000,000 روپے (صرف آٹھ ارب روپے) ہے جو 800,000,000 حصص میں تقسیم ہے، جن میں 10 روپے فی حصص کے حساب سے 720,000,000 عام حصص اور 10 روپے فی حصص کے حساب سے 80,000,000 مجموعی ترجیحی حصص شامل ہیں۔ عام حصص اور مجموعی ترجیحی حصص کے متعلقہ حقوق، فوائد، مراعات اور شرائط وہی ہوں گی جو کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں فراہم کی گئی ہیں۔ کمپنی کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ وقتاً فوقتاً نافذ العمل قانون کے مطابق اپنے سرمایہ میں اضافہ، کمی، تقسیمِ نو یا تنظیمِ نو کرے اور کمپنی کے حصص سرمایہ (عام اور ترجیحی دونوں) کو مختلف اقسام میں تقسیم کرے۔<br><br>آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی شق 3:<br><br>**II۔ سرمایہ**<br><br>3۔ سرمایہ: کمپنی کا مجاز سرمایہ 8,000,000,000 روپے (صرف آٹھ ارب روپے) ہے جو 800,000,000 حصص میں تقسیم ہے، جن میں 10 روپے فی حصص کے حساب سے 720,000,000 عام حصص اور 10 روپے فی حصص کے حساب سے 80,000,000 مجموعی ترجیحی حصص شامل ہیں۔ عام حصص اور مجموعی ترجیحی حصص کے متعلقہ حقوق اور فوائد وہی ہوں گے جو ان آرٹیکلز میں فراہم کیے گئے ہیں۔ کمپنی کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ وقتاً فوقتاً نافذ العمل قانون کے مطابق اپنے سرمایہ میں اضافہ، کمی یا تنظیمِ نو کرے اور کمپنی کے حصص سرمایہ کو مختلف اقسام میں تقسیم کرے۔<br><br>**مزید یہ طے پایا کہ** جب عام حصص جاری کیے جائیں گے تو وہ مساوی ووٹنگ حقوق کے حامل ہوں گے اور ہر لحاظ سے/ تمام امور میں کمپنی کے موجودہ عام حصص کے برابر (pari passu) درجہ رکھیں گے، جیسا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات میں مذکور ہے۔<br><br>**مزید یہ طے پایا کہ** چیف ایگزیکٹو آفیسر اور/ یا چیف فنانشل آفیسر اور/ یا کمپنی سیکرٹری کو انفرادی طور پر اس امر کا اختیار بذریعہ ہذا دیا جاتا ہے کہ وہ تمام اعمال، افعال اور امور سرانجام دیں اور تمام ضروری و مناسب اقدامات کریں، جو ضمنی اور لازمی نوعیت کے ہوں، بشمول مطلوبہ دستاویزات اور ریٹرنز کو رجسٹرار آف کمپنیز اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے پاس جمع کروانا، اور دیگر تمام ضابطہ جاتی تقاضوں کی تکمیل کرنا، تاکہ مذکورہ بالا قراردادوں کو مؤثر بنایا جاسکے اور ان پر عملدرآمد کیا جاسکے۔ | | |

________________________

حصص دار/ پراکسی ہولڈر/ مجاز نمائندہ (کارپوریٹ ادارے کی صورت میں) کے دستخط

مقام: ________________
تاریخ: ________________

**نوٹ:**

1۔ باقاعدہ پُر شدہ پوسٹل بیلٹ پیپر چیئرمین بورڈ کو مذکورہ بالا ڈاک یا ای میل پتے پر (بنام کمپنی سیکرٹری) ارسال کیا جائے گا۔
2۔ پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ شناختی کارڈ (NICOP/CNIC) یا غیر ملکی شہری کی صورت میں پاسپورٹ کی نقل منسلک ہونی چاہیئے۔
3۔ پوسٹل بیلٹ فارم چیئرمین بورڈ کو 16 جون 2026 تک یا اس سے قبل دفتری اوقات کے دوران موصول ہونا چاہیئے۔ اس تاریخ کے بعد موصول ہونے والے بیلٹ ووٹنگ کے لئے قابل قبول نہیں ہوں گے۔
4۔ پوسٹل بیلٹ پر دستخط قومی شناختی کارڈ/ (NICOP) پر درج دستخط کے مطابق ہونا لازم ہے۔
5۔ نامکمل، غیر دستخط شدہ، غلط، خراب، پھٹا یا کٹا ہوا یا اوور رائٹنگ والا بیلٹ پیپر منسوخ تصور کیا جائے گا۔
6۔ اگر بیلٹ پیپر کسی کارپوریٹ ادارے یا کمپنی کی جانب سے جمع کرایا گیا ہو تو اس کے ساتھ مجاز شخص کے شناختی کارڈ کی نقل کے ساتھ بورڈ کی قرارداد، پاور آف اٹارنی یا مجاز ہونے کے لیٹر کی تصدیق شدہ نقل منسلک ہونی چاہیئے، جیسا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات 138 اور 139 کے تحت لازمی ہے، علاوہ یہ کہ یہ دستاویزات پراکسی فارم کے ساتھ پہلے ہی جمع کرائی گئی ہوں۔ غیر ملکی کمپنی کی صورت میں تمام دستاویزات پاکستان کے متعلقہ قونصل جنرل سے تصدیق شدہ ہونی چاہیئں۔
7۔ بیلٹ پیپر کمپنی کی ویب سائٹ /https://amrelisteels.com پر بھی دستیاب ہے۔ اراکین ویب سائٹ سے بیلٹ پیپر ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا اخبارات میں شائع شدہ اصل/ فوٹو کاپی استعمال کر سکتے ہیں۔